# تعريف بالقرآن الكريم (للحرمين)

# قرآنِ کریم کا تعارف

مسجد حرام اور مسجد نبوی میں دینی امور کی صدارت کے ما تحت علمی کمیٹی

# قرآن کریم کیا ہے؟

مسجد حرام اور مسجد نبوی میں دینی امور کی صدارت کے ما تحت علمی کمیٹی

بسم الله الرحمن الرحیم

قرآن کریم اس اللہ کا کلام ہے، جو سارے جہان کا رب اور خالق ہے۔ اللہ نے اسے اپنے آخری نبی اور رسول محمد صلی اللہ علیہ و سلم پر اتارا، تاکہ بنی نوع انسان کو اس کی پیدائش کا مقصد بتایا جائے، دنیا و آخرت میں سعادت کا راستہ دکھایا جائے اور موت کے بعد کی ابدی نامرادی سے بچایا جائے۔ یہ سب سے آخر میں اترنے والی آسمانی کتاب ہے، جو پہلے اترنے والی تمام کتابوں کی تصدیق کرتی اور ان میں بتائے گئے شرعی احکامات کو منسوخ قرار دیتی ہے۔

قرآن کریم اللہ کی ایک ابدی نشانی اور معجزہ ہے۔ یہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کی نبوت کی دلیل بھی ہے۔ اللہ تبارک و تعالی نے جنوں اور انسانوں کو چیلنج کیا کہ وہ قرآن کی جیسی ایک کتاب، بلکہ اس کی

سورتوں جیسی ایک سورت ہی پیش کرکے دکھائیں۔ لیکن ان سے ایسا نہ ہو سکا۔

اس کے اترنے کو 1400 سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے، لیکن ابھی تک اس میں کوئی تحریف اور تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور آگے بھی وہ عربی زبان میں، جس میں نازل ہوا ہے، محفوظ رہے گا۔ کیوں کہ اللہ تعالی نے قیامت تک اس کی حفاظت کی ذمے داری خود لے رکھی ہے۔

قرآن کریم اسلام کا مصدر اساسی ہونے کے ساتھ ساتھ ایسا دستور ہے، جو زمان و مکان کی حدود و قیود سے پرے بنی نوع انسان کی زندگی کو منظم شکل اور پائیداری عطا کرتا ہے۔ قرآن اس ایک معبود کی عبادت کی دعوت دیتا ہے، جو تن تنہا خالق ہے۔ وہ انسان کو اس کے رب اور دین کی معرفت کے سلسلے میں ضروری باتیں بتاتا ہے، کائنات کی تخلیق کے آغاز پر روشنی ڈالتا ہے، انسان کی تخلیق کے مراحل کے سلسلے میں معلومات فراہم کرتا ہے، ماضی اور مستقبل سے متعلق غیب کی بہت سی باتیں بتاتا ہے، گزرے ہوئے انبیا علیہم السلام کے قصے بیان کرتا ہے، اللہ کی جانب سے ان کو ملنی والی نصرت ومدد کی کیفیت کو واضح کرتا ہے اور یہ بیان کرتا ہے کہ اللہ نے ان کے دشمنوں کو کیسے ہلاک کیا۔ اس میں عبادات اور

معاملات سے متعلق ساری بنیادی باتیں موجود ہیں، اچھے اخلاق کی دعوت دی گئی ہے، برے اخلاق سے خبردار کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ انسان کا آخری ٹھکانہ یا تو جنت ہے، جو کہ ایمان والوں کا گھر ہے، یا پھر جہنم ہے، جو کہ ظالموں اور کافروں کا گھر ہے۔

اس عظیم کتاب کی اہمیت کے پیش نظر، جسے اللہ تعالی نے عربی زبان میں اتارا اور پوری انسانیت تک اسے پہنچانے کا حکم دیا ہے، ہمارے لیے سعادت کی بات ہوگی کہ ہم اس کے معانی کے ترجمے آپ کی زبان میں آپ کے سامنے رکھیں، تاکہ اسے سمجھنا آسان ہوسکے اور اسے پہنچانے کا جو حکم دیا گیا ہے، اس کی تعمیل ہو سکے۔ اس کام پر مامور ٹیم نے قرآن کے معانی کو سمجھنے اور ان کا ترجمہ کرنے کا کام پوری محنت سے کیا ہے۔ لیکن یہ بات بھی یقینی ہے کہ ترجمے کا کام چاہے جتنی باریک بینی سے کیا جائے، نص قرآن کے اندر موجود عظیم معانی کو کما حقہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ کیوں کہ قرآن ایک معجزہ اور کسی بھی بشری عمل سے بالاتر کتاب ہے۔ لہذا جسے قرآن کریم کے اندر موجود مزید حقائق سے آگاہی حاصل کرنی ہو، اسے ہماری نصیحت ہے کہ عربی زبان سیکھے، جس میں قرآن اترا ہے۔

تمام رسولوں پر سلامتی ہو اور ساری تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔

آپ یہاں موجود QR کوڈ کے ذریعے اپنی زبان میں قرآن کریم کے معانی کے ترجمہ سے واقف ہو سکتے ہیں۔

فہرست

قرآنِ کریم کا تعارف ........................................................ 2
قرآن کریم کیا ہے؟ ........................................................ 2

ur445v1.2 - 06/09/2026